# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ۔

بروز جمعرات مورخہ 12 ستمبر 2024ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

## ترتیب کارروائی۔

1) **تلاوت قرآن پاک وترجمہ**

2) **وقفہ سوالات**

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ لائیواسٹاک اور محکمہ فشریز سے متعلق سوالات دریافت اوران کے جوابات دیئے جائیں گے۔

3) **توجہ دلاؤنوٹس**

**میر اسداللہ بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی**

وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کروائینگے کہ 2022ء میں بی بی عصمت ملک میموریل ہسپتال خدابادان پنجگور کے قیام سے متعلق بلوچستان اسمبلی سے باقاعدہ طور پر ایکٹ پاس ہوا تھا۔ اور ہسپتال کی عمارت کی تعمیر بھی مکمل ہوچکی ہے۔ لیکن ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود مذکورہ ہسپتال کی فعالیت کی بابت محکمہ صحت کی جانب سے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں کو علاج معالجے کے سلسلے میں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔

لہذا بی بی عصمت ملک میموریل ہسپتال خدابادان پنجگور کو تاحال فعال نہ کرنے کی کیا وجوہات ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

4) **سرکاری کارروائی برائے قانون سازی**

**پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 3 مصدرہ 2024) کا پیش کیا جانا۔**

i) وزیر قانون و پارلیمانی امور قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 180 کے تحت تحریک پیش کریں گے۔ کہ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 3 مصدرہ 2024) کو پیش کرنے کے لئے قاعدہ نمبر 24 کے تقاضوں کو Exempt قرار دیا جائے۔

ii) وزیر صحت پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 3 مصدرہ 2024) ایوان میں پیش کریں گے۔

iii) وزیر صحت تحریک پیش کریں گے کہ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 3 مصدرہ 2024) کو قاعدہ 84 اور 85(2) کے تقاضوں سے Exempt قرار دیا جائے۔

iv) وزیر صحت تحریک پیش کریں گے کہ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 3) کو فی الفور زیرغور لایا جائے۔

v) وزیر صحت تحریک پیش کریں گے کہ پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 3) کو منظور کیا جائے۔

(جاری صفحہ۔2)

Scanned with CamScanner

4) **غیر سرکاری قراردادیں**

**قرارداد نمبر 22 منجانب :۔ میر زابد علی ریکی، رکن صوبائی اسمبلی (مورخہ 04 ستمبر کی نشست میں موخر شدہ)**

ہرگاہ کہ یونین کونسل شینگر ضلع واشک جو کہ 35 ہزار نفوس پر مشتمل علاقہ ہے۔ یونین کونسل شینگر کی آبادی دیگر یونین کونسل کی بنسبت بہت زیادہ ہے لیکن اسکے باوجود یونین کونسل شینگر کو تا حال سب تحصیل کا درجہ نہیں دیا گیا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ یونین کونسل شینگر کی آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے سب تحصیل کا درجہ دیا جائے۔ تاکہ علاقے کے لوگوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن ہو سکے۔

**قرارداد نمبر 24 منجانب: سید ظفر علی آغا، رکن صوبائی اسمبلی (مورخہ 04 ستمبر کی نشست میں موخر شدہ)**

ہرگاہ کہ ضلع پشین میں عوام کی سہولت کی خاطر پاسپورٹ آفس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جہاں پر اب تک فیمل فوٹو گرافر کی سہولت نہ ہونے کی بنا میل فوٹو گرافر خواتین کی تصاویر اتارتے ہیں۔ جو کہ مذہبی اور قبائلی روایات کے خلاف ہے

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ ضلع پشین پاسپورٹ آفس میں فیمل فوٹو گرافر کی تعیناتی کو یقینی بنائے۔ تاکہ علاقے کی خواتین کو درپیش مسئلہ حل ہو سکے۔

**قرارداد نمبر 26 منجانب :۔ محترمہ شہناز عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں عوام جو کہ عرصہ دراز سے آباد ہیں۔ لیکن ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود انہیں مالکانہ حقوق نہیں دیئے گئے ہیں جس کی بنا انہیں سخت مشکلات درپیش ہیں۔ اس بابت مورخہ 03 فروری 2009ء کو بلوچستان اسمبلی سے باقاعدہ طور پر ایک قرارداد نمبر 14 بھی منظور ہوئی۔ لیکن 15 سال کا ایک طویل گزرنے کے باوجود ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں آباد عوام کو مالکانہ حقوق کی بابت کوئی خاطر خواہ اقدامات تا حال نہیں اٹھائے گئے ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں آباد عوام کے جائز مطالبہ کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں مالکانہ حقوق دینے کی بابت فوری اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائیں تاکہ علاقے کے لوگوں میں جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

**قرارداد نمبر 27 منجانب مولانا ہدایت الرحمٰن، رکن صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ بجلی آج کے ترقی یافتہ دور میں بنیادی ضرورت میں شمار ہوتی ہے آج کا زریعہ معاش ہی نہیں بلکہ صحت تعلیم کے حصول کے لئے بھی بجلی ایک ضرورت بن چکی ہے۔ بلوچستان میں اتنی بجلی پیدا ہوتی ہے جس سے پورے بلوچستان کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جاسکے۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ یہ بجلی بلوچستان کی بجائے باہر چلی جاتی ہے۔ اوچ پاور پلانٹ سے 930 میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے۔ حبکو پاور پلانٹ سے 500 میگاواٹ اور حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ سے 150 میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے۔ ایران کے متصل مکران اور تفتان کو ایران سے بجلی فراہم کرنے کا معاہدہ کیا گیا ہے پھر بھی بلوچستان کے عوام کو بجلی میسر نہیں اور جو تھوڑا بہت میسر ہے وہ مہنگی کرنے کے علاوہ درجنوں ٹیکس بھی لگائے گئے ہیں۔ کوئٹہ سے لے کر گوادر تک چمن سے لے کر جعفر آباد تک بجلی ناپید ہے۔ مکران کے تینوں اضلاع، گوادر، کیچ اور پنجگور کو ایران سے بجلی فراہم کی جاتی تھی۔ لیکن گزشتہ کئی مہینوں سے 200 میگاواٹ کو کم کر کے بجلی کو 10 میگاواٹ بنا کر عوام کو ازیت میں مبتلا کیا گیا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ بلوچستان کو آفت زدہ قرار دیا جائے اور بلوچستان کے عوام کے ذمے بجلی کے جو سابقہ بقایاجات ہیں کو معاف کئے جائیں۔ اور صوبے کے تینوں پاور پلانٹس سے صوبے کے عوام کو خصوصاً مکران کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے اور ساتھ ہی بجلی کے بلز سے ناجائز ٹیکسوں کا خاتمہ کیا جائے۔ نیز گوادر کیچ اور پنجگور کے عوام کو ایران سے جس ریٹ پر بجلی خریدی جارہی ہے اسی ریٹ پر بجلی فراہم کی جائے۔

کوئٹہ
مورخہ 11 ستمبر 2024ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

## بروز جمعرات مورخہ 12 ستمبر 2024ء

## نشان زدہ سوالات اورانکے جوابات

## (1)محکمہ لائیواسٹاک (2)محکمہ فشریز

☆15 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی**

**نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 20 مئی 2024**

کیاوزیرلائیواسٹاک ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

**مورخہ یکم اگست 2024 کو موخرشدہ**

کیا یہ درست ہے کہ سال 2023.2024 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ لائیواسٹاک نے گریڈ 1 تا گریڈ 15 کے کل کتنی آسامیاں تخلیق کی گئی ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو عہدہ اور گریڈ کی تفصیل دی جائے نیز ضلع واشک میں محکمہ لائیواسٹاک کی کل کتنی آسامیاں خالی پڑی ہیں ان خالی آسامیوں کے نام اور گریڈ کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیرلائیواسٹاک**

**جواب موصول ہونے کی تاریخ 25 مئی 2024**

بجٹ سال 2023.2024 میں ضلع واشک کیلئے محکمہ لائیواسٹاک نے گریڈ 1 تا گریڈ 15 کی کوئی آسامی تخلیق نہیں کی۔

ضلع واشک میں محکمہ لائیواسٹاک کی خالی آسامیوں کی تفصیل ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | خالی پوسٹ کانام | گریڈ | تعداد |
|---|---|---|---|
| 1 | ملک پلانٹ آپریٹر | B.14 | 1 |
| 2 | ٹیکنیشن | B.12 | 1 |
| 3 | ویٹریزی اسسٹنٹ | B.11 | 1 |
| 4 | کیٹ لاگر | B.09 | 1 |
| 5 | اسٹاک اسسٹنٹ | B.06 | 1 |
| 6 | ویٹریزی کمپاونڈر | B.06 | 3 |

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7 | کیمل مین | B.01 | 3 |
| | کل | | 11 |

مزید تفصیل (آخر پر منسلک ہے)۔

☆67 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 29 جولائی 2024

کیا وزیر لائیواسٹاک ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ لائیواسٹاک کے نئے اسکیمات شامل کئے گئے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو اسکیم کا نام، پی ایس ڈی پی نمبر اور مختص شدہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع ڈیرہ بگٹی، ضلع خضدار اور ضلع ژوب کیلئے محکمہ لائیواسٹاک کے کل کتنے نئے اسکیمات شامل کئے گئے ہیں اسکیم کا نام، پی ایس ڈی پی نمبر اور مختص شدہ رقم کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر لائیواسٹاک

جواب موصول ہونے کی تاریخ 06 اگست 2024

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ لائیواسٹاک کی کوئی نئی اسکیم شامل نہیں کی گئی۔

سال 2024.2025 کے بجٹ میں ضلع ڈیرہ بگٹی کی ایک نئی اسکیم شامل کی گئی ہے جس کی تفصیل (آخر پر منسلک ہے)۔

جبکہ ضلع خضدار اور ژوب کیلئے محکمہ لائیواسٹاک کی کوئی نئی اسکیم شامل نہیں کی گئی ہے تاہم ضلع خضدار اور ژوب کی جاری اسکیمات کی مختص شدہ رقم کی مکمل تفصیل بھی (آخر پر منسلک ہے)۔

☆91 مولوی نور اللہ رُکن اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 05 اگست 2024

کیا وزیر لائیواسٹاک ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع قلعہ سیف اللہ میں سال 2019 سے تا حال حیوانات کی ترقی کیلئے کسقدر فنڈز استعمال کیا گیا ہے نیز مذکورہ محکمے میں خالی آسامیوں اور پُر کی گئی آسامیوں کی تفصیل دی جائے۔ علاوہ ازیں صوبائی حکومت نے پولٹری فارمز و ڈیری ڈویلپمنٹ کیلئے ابتک کیا اقدامات اُٹھائے ہیں کی بھی مکمل تفصیل دی جائے۔

وزیر لائیواسٹاک

جواب موصول ہونے کی تاریخ 08 اگست 2024

ضلع قلعہ سیف اللہ میں سال 2019 سے تا حال حیوانات کی ترقی کیلئے مبلغ 315.780 ملین روپے مختص کئے گئے اور ان میں سے مبلغ 165.49 ملین روپے استعمال کئے گئے۔

محکمہ امور حیوانات و ترقیات ڈیری فارم میں ضلع قلعہ سیف اللہ میں کل چار آسامیاں خالی ہیں۔

Scanned with CamScanner

1۔اسٹاک اسسٹنٹ کی ایک آسامی۔

2۔چوکیدار کی دو آسامیاں۔

3۔ایڈنڈنٹ کی ایک آسامی۔

محکمہ امور حیوانات وترقیات ڈیری میں ضلع قلعہ سیف اللہ میں ڈیری فارم کی ترویج کیلئے ڈیری کی دو اسکیمات کی منظوری دی گئی جس کی تفصیل (آخر پر منسلک ہے)۔

☆59 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** — **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 26 جولائی 2024**

کیا وزیر فشریز ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے محکمہ فشریز کے نئے اسکیمات شامل کئے گئے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو اسکیم کا نام، پی ایس ڈی پی نمبر اور مختص شدہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز سال2024.2025 کے بجٹ میں ضلع ڈیرہ بگٹی ضلع خضدار اور ضلع ژوب کیلئے محکمہ فشریز کے کل کتنے نئے اسکیمات شامل کئے گئے ہیں اسکیم کا نام، پی ایس ڈی پی نمبر اور مختص شدہ رقم کی مکمل تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر فشریز** — **جواب موصول ہونے کی تاریخ 22 اگست 2024**

سال2024.2025 کے بجٹ میں ضلع واشک، ضلع ڈیرہ بگٹی، ضلع خضدار اور ضلع ژوب کیلئے کوئی اسکیم شامل نہیں ہے نیز تمام اسکیمات برائے سال 2024.2025 بمعہ PSDP.No اور مختص شدہ رقم کی تفصیل ( آخر پر منسلک ہے)۔

کوئٹہ،

مورخہ 11 ستمبر 2024

طاہر شاہ کاکڑ،

سیکرٹری

Scanned with CamScanner

15 [handwritten Urdu annotation]

## To Whom it may Concerned: -

It is certified that the following pasts of BPS -01 To – 19 are laying vacant in the office of District Livestock Officer Livestock & Dairy development department Washuk as per all sanction strength 2023 – 2024.

Details of Vacant Positions (BPS 01 To 19): -

| S. No | Sanction Strength | BPS | Strength | Filled | Published | Vacant |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Additional Principal Veterinary Officer | 19 | 1 | 1 | ---- | — |
| 2. | Senior Veterinary Officer | 18 | 3 | 1 | ---- | 2 |
| 3. | Veterinary Officer | 17 | 6 | 5 | ---- | 1 |
| 4. | Assistant | 16 | 1 | ---- | ---- | 1 |
| 5. | Milk Plant Operator | 14 | 1 | ---- | ---- | 1 |
| 6. | Technician | 12 | 1 | ---- | ---- | 1 |
| 7. | Veterinary Assistant | 11 | 1 | ---- | ---- | 1 |
| 8. | Cataloguer | 09 | 1 | ---- | ---- | 1 |
| 9. | Stock Assistant | 06 | 22 | 19 | ---- | 3 |
| 10. | Veterinary Compounder | 06 | 3 | ---- | ---- | 3 |
| 11. | Camel Man | 01 | 24 | 19 | Published | ---- |
| | Total | --- | 64 | 45 | 5 | 14 |

There is no any error/ mistake in number and nomenclature of posts as per this office record and this information is being submitted after through checking in record and under signed stand responsible for error/ mistake in number and nomenclature of post.

No: 12 –

Date: 27-02-2024

Dr. Jamil Ahmed
District Livestock Officer
Livestock & Dairy Development
Department District Washuk.

District Accounts Officer
District Washuk.

Verified by
District Account Officer

Scanned with CamScanner

تفصیل سوال: 67

# PSDP 2024-25 - LIVESTOCK SECTOR BALOCHISTAN

*(PKR Million)*

| S# | PSDP # | Project ID | Districts | Project Name | Estimated Cost | Exp: Upto June 2024 | Achv: % | Allocation 2024 - 25 | Trgt: % | Thr: Fwd: |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **ONGOING SCHEMES** | | | | | | | | | | |
| **KHUZDAR** | | | | | | | | | | |
| 1 | 3527 | Z2022.2610 Khuzdar Approved | Khuzdar | CONST OF VCH SENGEN ZEHRI, DEH ZEHRI, GULENZER ZEHRI KHUZDAR | 45.000 | 27.000 | 60.0% | 10.000 | 82.2% | 8.000 |
| 2 | 3545 | Z2023.2517 Khuzdar CPapproved | Khuzdar | CONST: OF VCH MEHMOODANI TEHSIL ZEHRI DIST KHUZDAR | 15.000 | 0.000 | 0.0% | 10.000 | 66.7% | 5.000 |
| 3 | 3546 | Z2022.2606 Khuzdar Approved | Khuzdar | CONST OF VCH JENH MOOLA, NOKJO KARKH, LAKHARO KARKH KHUZDAR | 45.000 | 27.000 | 60.0% | 10.000 | 82.2% | 8.000 |
| **ZHOB** | | | | | | | | | | |
| 1 | 3522 | Z2020.1531 Zhob Approved | Zhob | ~~ESTABLISHMENT OF VETERINARY INSTITUTE AT ZHOB.~~ | ~~499.500~~ | ~~245.884~~ | ~~49.2%~~ | ~~50.723~~ | ~~59.4%~~ | ~~202.893~~ |
| 2 | 3544 | Z2019.0070 Zhob Approved | Zhob | MODEREN SLAUGHTER HOUSE & MEET PROCESSING/PACKING UNIT FOR EXPORT OF MEET AT ZHOB. | 370.733 | 106.005 | 28.6% | 52.946 | 42.9% | 211.782 |

# PSDP 2024-25 - LIVESTOCK SECTOR BALOCHISTAN

*(PKR Million)*

| S# | PSDP # | Project ID | Districts | Project Name | Estimated Cost | Exp: Upto June 2024 | Achv: % | Allocation 2024 - 25 | Trgt: % | Thr: Fwd: |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **NEW SCHEMES** | | | | | | | | | | |
| | [illegible]57 | Z2024.1263 Dera Bugti Approved | Dera Bugti | GOVT DISPENSARY GOTH WADERA MUHAMMAD HUSSAIN DEENARI | 25.000 | 0.000 | 0.0% | 25.000 | 100.0% | 0.000 |

Provincial Approved ENHANCE FRESHWATER FISH PRODUCTION IN BALOCHISTAN 0.000 0.000 0.000

# Public Sector Development Programme 2024-25 (Orig

## 59 تفصیل برابر FISHIRIES

| S No | Project ID | Project Name | Estimated Cost GOB / FPA | Estimated Cost Total | Exp: Upto June 2024 GOB / FPA | Exp: Upto June 2024 Total | Fin: Achv: % | Allocation 2024-25 GOB / FPA | Allocation 2024-25 Total | Fin: Trgt: % |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **Ongoing** | **FISHERIES** | | | | | | | | |
| 2262 | Z2012.0747 Gwadar Approved | DEVELOPMENT OF FISHERIES TRAINING CENTER GWADAR (DEVOLVED). | 361.154<br>0.000 | 361.154 | 165.354<br>0.000 | 165.354 | 46% | 39.160<br>0.000 | 39.160 | 57% |
| 2263 | Z2013.0029 Provincial Approved | CONSTRUCTION OF 08 BOAT REPAIRING WORKSHOPS AT COASTAL BELT DISTRICTS OF BALOCHISTAN. | 247.149<br>0.000 | 247.149 | 141.030<br>0.000 | 141.030 | 57% | 21.224<br>0.000 | 21.224 | 66% |
| 2264 | Z2021.1104 Provincial Approved | PROVISION OF MOBILE QUALITY CONTROL LABORATORY FOR SOIL/ WATER ANALYSIS & DISEASE IDENTIFICATION | 150.000<br>0.000 | 150.000 | 11.500<br>0.000 | 11.500 | 8% | 27.700<br>0.000 | 27.700 | 26% |
| 2265 | Z2021.1592 Quetta Approved | MODEL FISH MARKET | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 18.750<br>0.000 | 18.750 | 38% | 10.000<br>0.000 | 10.000 | 58% |
| 2266 | Z2019.0059 Provincial Approved | FEASIBILITY STUDY FOR AUTHORIZED FISH LANDING SITES WITH ONSHORE FACILITIES ALONG BALOCHISTAN COAST | 196.000<br>0.000 | 196.000 | 1.000<br>0.000 | 1.000 | 1% | 39.000<br>0.000 | 39.000 | 20% |
| 2267 | Z2023.1703 Gwadar CPapproved | ESTABLISHMENT OF BOAT REPAIRING WORKSHOP AND PROVISION OF BOAT ENGINE SPARE PARTS ON SUBSIDIZED RATES | 300.000<br>0.000 | 300.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 60.000<br>0.000 | 60.000 | 20% |
| 2268 | Z2023.1702 Gwadar CPapproved | PROCUREMENT OF 6X PETROL BOATS FOR FISHERIES OFFICIALS | 250.000<br>0.000 | 250.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 20% |
| 2269 | Z2010.0319 Gwadar Approved | REHABILITATION OF PASNI HARBOUR (JAPAN COUNTER VALUE FUND) (SB). | 655.000<br>800.000 | 1455.000 | 48.847<br>486.000 | 534.847 | 37% | 10.000<br>5.000 | 15.000 | 38% |
| 2270 | Z2021.0001 Provincial Approved | GWADAR - LASBELA LIVELIHOOD SUPPORT PROJECT PHASE-II (GLLSP-II) IFAD (SB). | 1478.501<br>10850.048 | 12328.549 | 142.060<br>5499.640 | 5641.700 | 46% | 323.438<br>3487.500 | 3810.938 | 77% |
| **Sub-Total (Ongoing): 9 Schemes** | | | 3587.804<br>11650.048 | 15337.852 | 528.541<br>5985.640 | 6514.181 | 14% | 580.522<br>3402.500 | 4073.022 | 30% |
| | **New** | **FISHERIES** | | | | | | | | |
| 2271 | Z2024.0791 Provincial CPapproved | BASIC INFRASTRUCTURE DEVELOPMENT FOR BALOCHISTAN FISHERIES DEPARTMENT | 100.000<br>0.000 | 100.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 35.000<br>0.000 | 35.000 | 35% |
| 2272 | Z2024.0792 Provincial Approved | PROVISION OF MISSING FACILITIES IN COMPLETED PROJECTS | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 100% |
| 2273 | Z2024.0793 Provincial Approved | THREE YEAR PROGRAM TO ENHANCE FRESHWATER FISH PRODUCTION IN BALOCHISTAN | 150.000<br>0.000 | 150.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 33% |
| 2274 | Z2024.0795 Bela CPapproved | ESTABLISHMENT OF FIELD OFFICES AT DAM GADDANI AND KUND MALIR | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 100% |
| 2275 | Z2024.0794 Kharan CPapproved | ESTABLISHMENT OF FISH HATCHERY IN GAROK KHARAN | 100.000<br>0.000 | 100.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 50.000<br>0.000 | 50.000 | 50% |
| **Sub-Total (New): 5 Schemes** | | | 450.000<br>0.000 | 450.000 | 0.000<br>0.000 | 0.000 | 0% | 235.000<br>0.000 | 235.000 | 52% |
| **Total Sector (Fisheries): 14 Schemes** | | | 4137.804<br>11650.048 | 15787.852 | 528.541<br>5985.640 | 6514.181 | 13% | 815.522<br>3402.500 | 4308.022 | 32% |
| **Total Department (FISHIRIES): 20 Schemes** | | | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

Scanned with CamScanner

# BALOCHISTAN PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT

The Public Welfare Hospital Sui (Amendment) Bill, 2024.
BILL NO. 03 OF 2024.

**A**

**BILL**

To amend the Public Welfare Hospital Sui Act, 2018 (Act No.III of 2018).

**Preamble.** Whereas it is expedient to amend the "Public Welfare Hospital Sui Act, 2018" (Act-III of 2018) for the purpose herein after appearing.

**Short title and commencement.** 1. (1) This Act may be called the Public Welfare Hospital Sui (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

**Amendment in Section 7, Act III of 2018.** 2. In the Public Welfare Hospital Sui Act, 2018 (Act No. III of 2018), in Section 7,-

(a) In Clause (f), the word "**and**" shall be omitted;

(b) In clause (g), after the full stop, the expression "**and**" shall be inserted and thereafter the following new clause shall be added:-

**"(1) to enter into an agreement to outsource management of the hospital to any private party in the best interest of general public".**

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

To amend the Public Welfare Hospital Sui Act, 2018 (Act No.III of 2018).

2. WHEREAS it is expedient to amend the Public Welfare Hospital Sui Act, 2018 (Act No. III of 2018) for the purpose to enter into an agreement to outsource management of the hospital to any private party in the best interest of general public.

(Sardarzada Faisal Khan Jamali)
Minister Health
Government of Balochistan

Scanned with CamScanner

# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکریٹریٹ

عوامی بہبود ہسپتال سوئی (ترمیمی) بل، 2024.

بل نمبر 03 2024.

## ایک بل

عوامی بہبود ہسپتال سوئی ایکٹ 2018 (2018 کا ایکٹ نمبر III) میں ترمیم کرنا۔

تمہید: جب کہ پیش ہونے کے بعد اس مقصد کے لیے عوامی بہبود ہسپتال سوئی ایکٹ 2018 (2018 کا ایکٹ نمبر III) میں ترمیم کرنا مناسب ہے۔

مختصر عنوان، حد اور آغاز:-

۱۔ (i) اس ایکٹ کو عوامی بہبود ہسپتال سوئی (ترمیمی) ایکٹ 2024 کہا جا سکتا ہے۔

۲۔ (ii) یہ فوراً نافذ العمل ہو جائے گا۔

2018 کا ایکٹ۔ نمبر III سیکشن 7، میں ترمیم:-

عوامی بہبود ہسپتال سوئی ایکٹ 2018 (2018 کا ایکٹ نمبر III) سیکشن 7، ۔

(الف) ذیلی شق (ایف) میں لفظ "اور" کو حذف کیا جائے گا۔

(ب) ذیلی شق (جی) میں خاتمہ کے بعد، اظہار "اور" ڈالا جائے گا اور اسکے بعد درجہ ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائے گا:-

عام لوگوں کے بہترین مفاد میں کسی بھی نجی پارٹی سے ہسپتال کے انتظام کو آوٹ سورسنگ (باہر کا ذریعہ) کا معاہدہ کرنا۔

## بیان اغراض و مقاصد

عوامی بہبود ہسپتال سوئی ایکٹ 2018 (2018 کا ایکٹ نمبر III) میں ترمیم کرنا۔

۲۔ چونکہ عوامی بہبود ہسپتال سوئی ایکٹ 2018 (2018 کا ایکٹ نمبر III) میں ترمیم کرنا مناسب ہے تا کہ عام لوگوں کے بہترین مفاد میں ہسپتال کے انتظام کو کسی بھی نجی پارٹی سے آوٹ سورسنگ (باہر کا ذریعہ) کا معاہدہ کیا جا سکے۔

(سردارزادہ فیصل خان جمالی)

صوبائی وزیر صحت

Scanned with CamScanner